**AQF / Shabbir**

**01-08-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------------

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں ویتنام کے اپنے ہم منصب **Pham Minh Chinh** کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ بات چیت کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان کئی سمجھوتوں پر دستخط کیے جائیں گے۔

2 کیرالہ کے وائے ناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد **250** سے تجاوز کر گئی ہے۔

3 اتراکھنڈمیں بارش سے وابستہ واقعات میں چھ افراد کی جان گئی ہے۔

4 دلی میں آج سبھی اسکول بند رہیں گے، کیونکہ قومی راجدھانی میں شدید بارش ہوئی ہے۔

5 امریکی فیڈرل ریزرو نے شرح سود کو پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد سے پانچ اعشاریہ پانچ فیصد پر برقرار رکھا ہے اور یہ اشارہ دیا ہے کہ شرح سود میں آئندہ ستمبر میں کمی ہو سکتی ہے۔

6 آزمودہ کار بھارتی کرکٹ کھلاڑی اور سابق کوچ انشمن گائے کوارڈ کا وڈوڈرہ میں انتقال ہوگیا ہے۔

7 اور : آج **Swapnil Kusale** پیرس اولمپکس کے نشانے بازی کے مقابلے میں بھارت کو تیسرا تمغہ دلانے کی کوشش کریں گے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-VIETNAM TLAKS**

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں ویتنام کے اپنے ہم منصب **Pham Minh Chinh** کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت کے بعد طرفین کے مختلف سمجھوتوں پر دستخط کیے جانے کا بھی امکان ہے۔ ویتنام کے وزیر اعظم، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ سے بھی ملاقات کریں گے۔ ویتنام کے وزیراعظم منگل کے روز، تین روزہ سرکاری دورے پر بھارت پہنچے ہیں۔ خارجی امور کے وزیر مملکت **Pabitra**

**Margherita** نے ہوائی اڈے پر اُن کا استقبال کیا۔ جناب **Pham Minh Chinh**، جناب مودی کی دعوت پر بھارت کے دورے پر ہیں۔ اُن کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی آیا ہے جس میں مختلف وزراء، نائب وزراء اور کاروباری رہنما شامل ہیں۔ ویتنام کے وزیراعظم کو آج راشٹرپتی بھون کے سبزہ زار پر باضابطہ استقبالیہ دیا جائے گا۔ جس کے بعد وہ مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے راج گھاٹ جائیں گے، جناب مودی دورے پر آئے معزز مہمان کے اعزاز میں ایک ظہرانے کا اہتمام کریں گے۔**x**

**MEA-WMCC MEETING**

بھارت-چین سرحدی معاملات سے متعلق باہمی مشاورت اور تال میل کیلئے کام کرنے والے طریقہ کار کی **30** ویں میٹنگ کل نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ اس میٹنگ میں وزارت خارجہ کے مشرقی ایشیاء امور کے جوائنٹ سکریٹری **Gourangalal** داس نے بھارتی وفد کی قیادت کی، جبکہ چین کی وزارت خارجہ کے حدود اور سمندری محکمے کے ڈائریکٹر جنرل **Hong Liang** نے چینی وفد کی قیادت کی۔

ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ دونوں فریقوں نے زیر التوا معاملات کا جلد از جلد حل تلاش کرنے کے نظریئے کے ساتھ حقیقی کنٹرول لائن **LAC** پر موجودہ حالات کا جائزہ لیا۔ اس بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ امن وامان کی بحالی اور حقیقی کنٹرول لائن کا احترام دو طرفہ تعلقات کو معمول پر لانے کیلئے ضروری ہیں۔ دونوں فریقوں نے سفارتی اور فوجی ذرائع سے تعلقات کی رفتار کو برقرار رکھنے پر رضامندی ظاہر کی۔x

**WAYANAD LANDSLIDE**

کیرالہ کے وائناڈ میں بڑے پیمانے پر **Landslide** کے نتیجے میں ہونے والی تباہی میں مرنے والوں کی تعداد **250** سے تجاوز کر گئی ہے۔ بھارتی فوج نے کہا ہے کہ اس نے کل متاثرہ علاقوں میں پھنسے ہوئے **179** لوگوں کو نکالا ہے اور چار لاشیں برآمد کی ہیں۔ آج صبح **Attamala**، **Mundakkai** اور **Chooralmda** میں تلاش کی مہم دوبارہ شروع ہوئی۔ تلاش کی کارروائی میں مصروف ٹیموں کے ساتھ ایک ایک **Dog Squad** بھی ہے۔ ملبہ صاف کرنے کیلئے پانچ **JCB** کو پانی کی دھار کے دوسری طرف منتقل کیا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Raj Mohan-Kochi Wayanad**

*مسلح فورسز نے آج صبح وائناڈ کے **Chooralmala** میں ایک معاون ندی پر **Bailey** پل کی تعمیر کا کام شروع کردیا ہے۔ یہ پل **Mundakkai** اور **Attamala** کے لینڈسلائڈ سے متاثرہ علاقوں میں عملے اور بھاری مشینوں کی نقل وحمل کیلئے انتہائی ضروری ہے، اس کے آج سہ پہر یا اس*

سے پہلے مکمل ہونے کی توقع ہے۔جس کے بعد ملبہ ہٹانے کی کارروائی میں تیزی آنے کا امکان ہے۔
حکام نے معاون ندیوں میں اور ضلع ملاپورم میں Chaliyar دریا کے جنگلاتی علاقوں میں مزید لاشوں کی تلاش کے کام میں تیزی لانے کا فیصلہ کیا ہے۔
کوچی سے راج موہن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں ......

## UTTARKHAND WEATHER

اتراکھنڈ میں پہاڑی علاقوں میں شدید بارش سے مٹی کے تودے کھسکنے اور پانی بھرنے کے واقعات پیش آئے ہیں اور ریاست کے بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے۔ ریاست میں بارش سے وابستہ واقعات میں چھ افراد کی جان گئی ہے۔ Tehri ضلع کے Bhilangana بلاک میں شدید بارش سے مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے تین افراد ہلاک ہوئے ہیں، جبکہ ہری دوار ضلع کے رُڑکی تحصیل میں چھت گرنے کے ایک واقعے میں، دو بچوں کی موت ہوگئی ہے۔
دوسری جانب بھیم بھالی کے مقام پر کیدارناتھ یاترا کے 25 میٹر کے راستے کو جزوی طور پر نقصان پہنچنے کی وجہ سے پھنسے ہوئے 200 عقیدتمندوں کو احتیاط کے طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کردیا گیا ہے۔ کل رات سے شدید بارش کے سبب بڑے پیانے پر مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات پیش آئے ہیں۔ موسمیات کے محکمے کی طرف سے الرٹ کے تناظر میں ہری دوار اور رشی کیش میں سبھی مرکزوں پر چار دھام یاترا کے رجسٹریشن کا عمل آج روک دیا جائے گا۔

## DELHI WEATHER

کل قومی راجدھانی دلی کے مختلف حصوں میں شدید بارش ہوئی۔ بارش سے گرمی اور حبس کے موسم سے لوگوں کو کافی راحت ملی۔ شدید بارش کے سبب مختلف علاقوں میں پانی بھر گیا جس کی وجہ سے ٹریفک کی آمدورفت متاثر ہو رہی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے پانچ روز کے دوران دلی میں ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
دلی کے لیفٹننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ نے شہر میں شدید بارش کے تناظر میں سبھی افسران سے الرٹ رہنے کے لیے کہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سکسینہ نے کہا ہے کہ افسران کو پانی بھرنے والی جگہوں کے مسائل سے نمٹنے کے لیے کہا گیا ہے، جس میں کوچنگ مراکز بھی شامل ہیں۔x

## DELHI SCHOOLS

دلی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ قومی راجدھانی میں آج سبھی اسکولس بند رہیں گے کیونکہ شہر میں شدید بارش ہوئی ہے اور آس پاس کے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔x

**IMD RAIN FALL**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے ملک کے مشرقی مغربی، وسطی، جنوبی جزیرہ نما اور شمال مشرقی خطوں میں اگلے پانچ روز کے دوران موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، کونکن، گوا اور گجرات میں ہفتے کے روز تک بہت شدید بارش ہونے کا قوی امکان ہے۔
موسمیات سے متعلق ایجنسی نے آسام، میگھالیہ، منی پور، اور میزورم میں بھی آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور اترپردیش میں تین اگست تک اسی طرح کے حالات رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ اس دوران کل رات قومی راجدھانی دلی میں شدید بارش ہوئی، جو ایک سو ملی میٹر بارش سے کہیں زیادہ درج کی گئی۔ IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ پانچ اگست تک دلی میں ہلکی سے اوسط بارش کے جاری رہنے کا امکان ہے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**IAF TRANG SHAKTI**

بھارت، تمل ناڈو میں Sular کے مقام پر اگلے مہینے کی 6 تاریخ سے دو مرحلوں میں اپنی پہلی کثیر ملکی فضائی مشق 'ترنگ شکتی 2024' کی میزبانی کرے گا۔ اس فضائی مشق میں تقریباً 30 ممالک شرکت کریں گے۔ اِن میں سے 10 ممالک اپنے جنگی طیارے کے ساتھ مشق میں حصہ لیں گے۔ یہ مشق، بھارت کی دفاعی طاقت کو اجاگر کرے گی اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے شرکت کرنے والے ملکوں کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ کل نئی دلّی میں ایک تعارفی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھارتی فضائیہ کے نائب سربراہ ایئر مارشل اے پی سنگھ نے بتایا کہ مشق کا پہلا مرحلہ 6 سے 14 اگست تک تمل ناڈو کے سولار میں، جبکہ دوسرا مرحلہ راجستھان کے جودھپور میں 29 اگست سے 14 ستمبر تک منعقد کیا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ مشق میں آسٹریلیا، بنگلہ دیش، فرانس، جرمنی، یونان، اسپین، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، امریکہ اور سنگاپور پر مشتمل 10 ممالک اپنے طیاروں کے ساتھ شریک ہوں گے اور 18 ممالک بطور مشاہدین شرکت کریں گے۔ x

**TELANGANA FARMERS**

کوئلہ اور کانکنی کے مرکزی وزیر نیز تلنگانہ BJP کے صدر جی کشن ریڈی نے ریاست میں زرعی قرضے کی معافی سے متعلق شکایتوں کو دور کرنے کیلئے کسانوں کیلئے ایک ہیلپ لائن کا آغاز کیا ہے۔ کل شام حیدرآباد میں پارٹی دفتر میں صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے کسانوں کے ساتھ کھڑے رہنے کیلئے BJP کسان مورچہ کے زیر انتظام ہیلپ لائن نمبر: آٹھ

آٹھ آٹھ چھ  ایک صفر صفر  صفر نو سات کا اعلان کیا اور کسانوں سے کہا کہ وہ مدد لینے کیلئے اس نمبر پر کال کریں۔ جناب ریڈی نے کہا کہ BJP اُن تمام کسانوں کی تفصیلات جمع کرے گی، جن کا قرض معاف نہیں کیا گیا ہے۔ BJP گاؤں میں Rachabanda پروگراموں میں کسانوں کے مسائل کو دریافت کرے گی۔ انہوں نے یقین دلایا کہ پارٹی، ریاست میں کسانوں کے ساتھ کھڑے رہے گی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت کی کسانوں کیلئے قرض معافی کی اسکیم مکمل طور سے نافذ نہیں کی جارہی ہے۔ جناب ریڈی نے مطالبہ کیا کہ ریاستی سرکار قرض معافی اسکیم سے متعلق ایک وہائٹ پیپر جاری کرے۔ انہوں نے اس بات کو واضح کیا کہ BJP کسانوں کی خاطر لڑتی رہے گی۔×

## TELANGANA PLANS

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونتھ ریڈی نے حیدرآباد، سکندر آباد اور سائبر آباد کے بعد ایک چوتھے شہر کو ترقی دینے کے سرکار کے منصوبے کا اعلان کیا۔ Mucherla میں تمام سہولتیں دستیاب رہیں گی اور یہ ریاست کے مستقبل کا شہر ہوگا۔ حکومت نے فارما سٹی تیار کرنے اور ینگ انڈیا اسکلز یونیورسٹی قائم کرنے کیلئے اراضی حاصل کرلی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کل ریاستی اسمبلی میں تخصیصی بل پر بحث میں مداخلت کرتے ہوئے یہ جانکاری فراہم کی۔ جناب ریڈی نے مزید کہا کہ آنے والے دنوں میں شہر کو حفظان صحت کا مرکز بنانے کیلئے ایک ہزار ایکڑ رقبے میں ایک ہیلتھ سٹی بنانے کی تجویز ہے۔×

## JHAKHAND RAIL

جھارکھنڈ میں جنوب مشرقی ریلوے کے ٹاٹانگر-چکردھرپور ریل سیکشن کی تیسری لائن پر ریل گاڑیوں کی آمد ورفت بحال کردی گئی ہے۔ پہلے اس لائن پر ایک مال گاڑی کو لے جایا گیا۔ مال گاڑی کے بعد ہاوڑہ-ممبئی گیتانجلی سپرفاسٹ ٹرین کو اس راستے سے گزرنے کی اجازت دی گئی۔ چکردھرپور کے ڈویژن کے جنرل منیجر انل کمار مشرا نے کہا کہ اپ اور ڈاؤن لائن پر ٹرینوں کی آمد ورفت کو بحال کرنے کیلئے جنگی پیمانے پر کوششیں جاری ہیں۔×

## AMARNATH YATRA  JAMMU

پوتر امرناتھ گپھا کے دَرشن کیلئے ایک ہزار 295 یاتریوں کا ایک اور جتھہ جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس بنیادی پڑاؤ سے وادیٔ کشمیر کیلئے روانہ ہوا۔ یہ یاتری آج صبح سویرے 48 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بنیادی پڑاؤ سے روانہ ہوئے۔ اس جتھے میں ایک ہزار 666 مرد 182 خواتین، 42سادھو، 4 سادھویاں اور ایک مخنث شامل ہیں۔ اِن میں سے 349 یاتری بال تل بنیادی پڑاؤ کیلئے جبکہ 946 یاتری پہلگام بنیادی پڑاؤ کیلئے روانہ ہوئے، جہاں سے وہ پوتر گپھا کے درشن کیلئے اپنے آگے کا سفر شروع کریں گے۔×

**US INTEREST RATE**

امریکی فیڈرل ریزرو نے شرح سود کو پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد سے پانچ اعشاریہ پانچ فیصد پر برقرار رکھا ہے اور یہ اشارہ دیا ہے کہ شرح سود میں ستمبر میں کمی ہوسکتی ہے۔ فیڈ کی پالیسی ترتیب دینے والے ادارے فیڈرل اوپن مارکیٹ کمیٹی نے اپنی تازہ ترین دو روزہ پالیسی میٹنگ کو معیاری شرح سود کو مستحکم رکھنے کے فیصلے کے ساتھ ختم کی، جو ایک سال پہلے مقرر کی گئی تھی۔ کمیٹی نے کل رات ایک بیان میں کہا کہ اُسے توقع نہیں ہے کہ ہدف کی حد کو کم کرنا مناسب ہوگا، جب تک کہ اسے زیادہ اعتماد حاصل نہ ہوجائے کہ مہنگائی مستقل طور پر دو فیصد کی جانب بڑھ رہی ہے۔ اس بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ کمیٹی ٹریژری تمسکات اور ایجنسی کے قرضوں اور ایجنسی کے رَہن کی حمایت یافتہ تمسکات کی اپنی ہولڈنگ کو کم کرتی رہے گی۔×

**ANSHUMAN GAEKWAD**

آزمودہ کار بھارتی کرکٹر، سابق کوچ اور سلیکٹر انشمن گائکواڈ کا وڈودرہ میں 71 سال کی عمر میں انتقال ہوگیا ہے۔ وہ طویل عرصے سے کینسر کی بیماری میں مبتلا تھے۔ گائکواڈ نے لندن کا سفر کیا تھا اور ایک مہینہ پہلے ہی وہ وڈودرہ علاج کو جاری رکھنے کیلئے واپس آئے تھے۔ انہوں نے 1975 سے 1987 کے دوران 40 ٹیسٹ میچوں اور 15 ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں بھارت کی نمائندگی کی۔ گائکواڈ نے ٹیسٹ میچوں میں ایک ہزار 985 رن بنائے۔ پاکستان کے خلاف ان کا سب سے زیادہ اسکور 201 رن تھا۔ اکتوبر 1997 میں انہیں بھارتی ٹیم کا کوچ مقرر کیا گیا تھا۔ وہ ستمبر 1999 تک ٹیم کے کوچ رہے۔ جون 2018 میں گائکواڈ کو سی کے نائیڈو لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے سرفراز کیا گیاتھا۔ سابق کھلاڑی کو BCCI کے ذریعہ دیا جانے والا یہ اعلیٰ ترین اعزاز ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے آزمودہ کار کرکٹر کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انشمن گائکواڈ جی کو کرکٹ میں ان کے گرانقدر تعاون کیلئے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ وہ آزمودہ کار کرکٹر انشمن گائکواڈ جی کی رحلت سے کافی غمزدہ ہیں۔ کرکٹ میں اُن کی مہارت نے بھارتی کرکٹ کی شان کو بڑھایا ہے۔×

**PARIS OLYMPICES**

اور اب کچھ خبریں پیرس اولمپکس کی۔

پیرس اولمپک میں نشانے باز Swapnil Kusale مردوں کے 50 میٹر رائفل تین پوزیشن مقابلے میں آج بھارت کے تیسرے میڈل کے حصول کیلئے کوشش کریں گے، جبکہ دوبار کی عالمی چیمپئن مکے باز نکہت زریں خواتین کے 50 کلوگرام زُمرے میں مقابلہ کریں گی۔ Kusale نے مردوں کے 50 میٹر رائفل تین پوزیشن کوالیفائنگ مقابلے میں ساتویں مقام پر

رہنے کے بعد فائنل کیلئے کوالیفائی کیا تھا۔ آج Chateauroux شوٹنگ رینج میں بھارتی وقت کے مطابق دن میں ایک بجے اُن کا مقابلہ ہوگا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Savio**

*بھارتی ایتھلیٹ آج صبح فرانس کی راجدھانی میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔ **Paramjit Singh Bisth**، آکاش دیپ سنگھ اور وکاس سنگھ مردوں کی 20 کلومیٹر **Race Walk** میں حصہ لیں گے۔ اس دوران خواتین کی 20 کلومیٹر **Walk** میں پرینکا بھارت کی طرف سے نیا مقابلہ کریں گی۔ تیر انداز میں مردوں کے انفرادی **Eliminaation** راؤنڈ میں پروین جادھو کا مقابلہ چین کے **Wenchao Kao** سے ہوگا جبکہ مردوں کے 50 میٹر رائفل کے مقابلے میں آج ملک کو **Swapnil Kusale** سے کافی امیدیں ہیں۔ ہاکی میں آج پول بی میں بھارت کا مقابلہ بیلجیم سے ہوگا۔ بیڈمنٹن میں ناک آؤٹ مقابلے بھی آج سے شروع ہورہے ہیں۔ پی وی سندھو، لکشیہ سین، **H.S Prannoy** اپنے اپنے سنگلز میچ کھیلیں گے، جبکہ ستوک سائراج رنکی ریڈی، چراغ شیٹی اپنے ڈبلز پری کوارٹر فائنل کھیلیں گے۔*

***Savio** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**<u>CRICKET IND-SRILANKA</u>**

مردوں کی کرکٹ میں آج کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا پہلا ایک روز بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ روہت شرما بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔ وراٹ کوہلی اور شریس ایئر ایک روزہ بین الاقوامی میچ کی ٹیم میں دیگر اہم کھلاڑی ہوں گے۔ سیریز کے دیگر دو میچز 4 اگست اور 7 اگست کو کھیلے جائیں گے۔ بھارت اور سری لنکا کے درمیان ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز 2024 میں بھارت کی ODI کی آخری سیریز ہوگی۔ اس سے پہلے بھارت نے سوریہ کمار یادو کی کپتانی میں ٹی-ٹوینٹی میچوں کی سیریز تین-صفر سے جیت لی تھی۔×

<u>یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔</u>

**<u>GONG</u>**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے وائناڈ میں موسلا دھار بارش سے مٹی کے تودے گرنے سے ہوئی تباہی میں ہلاک شدگان کی تعداد میں اضافہ ہونے کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔

اخبار لکھتا ہے کہ بڑی تعداد میں لوگ اب بھی لاپتہ، فوج، فضائی فورس NDRF اور SDRF کی ٹیمیں راحت رسانی کے کام میں مصروف۔ تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان کے اس بیان کو بھی روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور انقلاب نے سرخی بنایا ہے کہ حکومت ملک میں اسکول اور کالج کی تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پُرعزم ہے تاکہ طلبا کو مقابلہ جاتی امتحانات کے لیے کوچنگ اداروں کی ضرورت نہ پڑے۔

آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے آئندہ تین دن تک بارش کا سلسلہ جاری رہنے کے امکان کی خبر کو بھی سرخی بنایا ہے۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا یہ بیان اخباروں کے اندرونی صفحے کی سرخی ہے کہ بلٹ ٹرین کی ٹیکنولوجی پر تیزی سے کام جاری ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں ویتنام کے اپنے ہم منصب Pham Minh Chinh کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ بات چیت کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان کئی سمجھوتوں پر دستخط کیے جائیں گے۔

2 کیرالہ کے وائے ناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 250 سے تجاوز کر گئی ہے۔

3 اتراکھنڈ میں بارش سے وابستہ واقعات میں چھ افراد کی جان گئی ہے۔

4 دلی میں آج سبھی اسکول بند رہیں گے، کیونکہ قومی راجدھانی میں شدید بارش ہوئی ہے۔

5 امریکی فیڈرل ریزرو نے شرح سود کو پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد سے پانچ اعشاریہ پانچ فیصد پر برقرار رکھا ہے اور یہ اشارہ دیا ہے کہ شرح سود میں آئندہ ستمبر میں کمی ہوسکتی ہے۔

6 آزمودہ کار بھارتی کرکٹ کھلاڑی اور سابق کوچ انشمن گائے کوارڈ کا وڈودرہ میں انتقال ہوگیا ہے۔

7 اور : آج Swapnil Kusale پیرس اولمپکس کے نشانے بازی کے مقابلے میں بھارت کو تیسرا تمغہ دلانے کی کوشش کریں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------